سوال

(708) والد کے چچا یا ماموں کے سامنے بغیر پردہ کے آنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا عورت کے لیے جائز ہے کہ وہ اپنے والد اور والدہ کے چچا یا ماموں کے سامنے کھلے منہ آ جائے؟ کیا یہ لوگ اس عورت کے محرم شمار ہوتے ہیں یا نہیں؟ مجھے بتایا گیا کہ یہ عورت ان کے لیے بمنزلہ اولاد اور وہ اس کے لیے بمنزلہ اصول کے ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں، عورت کی ماں یا باپ کا چچا یا ماموں حقیقی ہو یا سوتیلا (ماں یا باپ کی طرف سے) تو وہ اس عورت کے لیے محرم ہیں، آپ کے ماں باپ کا چچا یا ماموں آپ کے لیے بھی چچا یا ماموں کا حکم رکھتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 509

محدث فتویٰ